© rasailojaraid.com



# مکاتیب

(۱)

۲۳/۱۲/۰۴

مکرمی!

السلام علیکم

ماہنامہ الشریعہ کا ماہ دسمبر ۲۰۰۴ کا شمارہ نظر سے گزرا۔ اس میں چھپنے والے مضامین دل کو اچھے لگے۔ ہر مضمون عمدہ اور معیاری تحقیق کا حامل ہے۔ دعا ہے کہ یہ سلسلہ جاری وساری رہے۔

امید ہے مزاج بخیر ہوں گے۔

والسلام

(ڈاکٹر) محمد سہیل عمر

ناظم

اقبال اکادمی پاکستان

(۲)

۵ جنوری ۲۰۰۵

محترم ومکرم ابوعمار زاہد الراشدی صاحب

سلام مسنون

الشریعہ کا جنوری ۲۰۰۵ کا شمارہ نظر نواز ہوا۔ میں جب ''نوائے وقت'' کے ادارہ میں تھا تو برادرم ارشاد احمد عارف کے پرچے سے استفادہ کرتا تھا، لیکن یہ سلسلہ کچھ بے ترتیب سا تھا۔ ضعیفی کے آزار کے باعث میں نے دفتر کی حاضری سے ریٹائرمنٹ لی تو الشریعہ کے مطالعے کا یہ بے ترتیب سلسلہ بھی ٹوٹ گیا۔ آج یہ پرچہ گھر کے پتے پر ملا تو بے پایاں خوشی ہوئی۔ میں اس غائبانہ کرم پر آپ کا بے حد شکر گزار ہوں۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ تشدد پسندی کے رجحان کے



© rasailojaraid.com